**27.04.2024**
**13.50 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں۔۔۔ ارجمند علی خان
**Music**

---

☆ شدید سمندری طوفان Remal کی شدت کم ہوگئی ہے۔ شدید بارش کی پیشگوئی کے مدنظر مغربی بنگال میں چوکسی برتی جا رہی ہے۔ بچاؤ اور امدادی کارروائی زور و شور سے جاری ہے۔
☆ گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے راج کوٹ میں TRP گیمز زون آگ لگنے کے واقعے کے سلسلے میں 7 اہلکاروں کو فوری طور سے معطل کیے جانے کا حکم دیا ہے۔ مرنے والوں کی تعداد 30 ہوگئی ہے۔
☆ لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کی چناؤ مہم میں تیزی آ گئی ہے۔
☆ دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کجریوال نے سپریم کورٹ میں ایک اپیل دائر کرکے عبوری ضمانت کی مدت میں 7 دن کی توسیع کیے جانے کی درخواست کی ہے۔
☆ اور......بلجیم میں FIH ہاکی پَرو لیگ کے یوروپی مرحلے میں بھارت نے ارجنٹینا کو چار کے مقابلے پانچ گول سے ہرا دیا۔ x

---

**Music**
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

### Remal

سمندری طوفان Remal کے زیر اثر مغربی بنگال میں جنوبی اور شمالی چوبیس پرگنہ کے ساحلی علاقوں اور سُندربن علاقے میں 50 سے لے کر 60 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہوا کے تیز جھکڑ کے ساتھ بارش ہو رہی ہے۔ اُدھر کولکاتا، ہاوڑہ، ہُگلی اور ندیا میں بھی تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کی اطلاع ملی ہے۔
جنوبی چوبیس پرگنہ ضلع میں کل ایک کچّے مکان پر درخت گرنے سے ایک 80 سال کی بزرگ خاتون کی موت ہوگئی۔

ہاوڑہ ڈویژن میں ہاوڑہ-Amta مقامی ٹرین خدمات منسوخ کر دی گئی ہیں۔ کولکاتا شہر اور شمالی اور جنوبی چوبیس پرگنہ ضلعے میں کئی درخت جڑ سے اکھڑ گئے ہیں۔ لگاتار بارش ہونے کی وجہ سے کئی علاقوں میں پانی بھر گیا

ہے۔

کولکاتا اور بشیر ہاٹ، ڈائمن ہاربر پارلیمانی حلقوں میں لوک سبھا انتخابات کے آخری مرحلے کی چناؤ مہم متاثر ہوئی ہے۔

اُدھر شمالی بنگال میں مالدہ اور دکشن دیناج پور ضلع میں بھی بارش ہو رہی ہے۔ آج علی پور دوار، کوچ بہار اور دارجلنگ ضلعوں میں بارش ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ x

**NDRF Remal**

قدرتی آفات کی صورت میں کام کرنے والی قومی فورس NDRF کے DIG محسن شاہدی نے سمندری طوفان Remal کے بارے میں بتایا کہ بھارتی موسمیات محکمے سے موصولہ جانکاری کے مطابق ہوا کی رفتار، جو پہلے 110 سے لے کر 120 کلو میٹر فی گھنٹہ تھی، اب کم ہو کر 60 سے 70 کلو میٹر فی گھنٹہ ہوگئی ہے۔ جناب شاہدی نے کہا کہ یہ ایک بڑی راحت کی بات ہے اور امید ہے کہ آج شام تک طوفان کا زور کم ہوجائے گا۔

NDRF کے DIG نے کہا کہ بحالی کا کام جاری ہے اور مغربی بنگال کے بڑے متاثرہ علاقوں میں NDRF کی 14 ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں۔ اِس کے علاوہ معاونت کیلئے SDRF کی چھ ٹیمیں بھی کام کر رہی ہیں۔ جناب شاہدی نے بتایا کہ احتیاطی اقدام کے طور پر NDRF کی ایک ٹیم کو تریپورہ میں تیار رکھا گیا ہے۔ x

**Gujrat Rajkot Fire Case**

گجرات حکومت نے راج کوٹ میں TRP گیم زون میں آگ لگنے کے واقعے کے سلسلے میں دو پولیس افسران سمیت سات اہلکاروں کو معطل کردیا ہے۔ وزیراعلیٰ بھوپیندرپٹیل نے اپنے کام میں مبینہ طور پر غفلت اور تساہلی برتنے کی بنا پر اِن سات عہدیداران کی فوری معطّلی کا حکم دیا ہے، جس کے سبب آگ لگنے کا حادثہ پیش آیا۔ گجرات حکومت نے اِس واقعے پر اپنے طور پر نوٹس لیا ہے۔

جسٹس Biren Vaishnav اور جسٹس Devan Desai پر مشتمل گجرات ہائی کورٹ کی خصوصی بنچ اِس معاملے کی سماعت کررہی ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ہفتے کے روز آگ لگنے کے اِس المناک واقعے میں کم از کم 30 افراد کے جاں بحق ہونے کا اندیشہ ہے۔

اِس معاملے کی تحقیقات کیلئے پولیس کے ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل سبھاش ترویدی کی سربراہی میں پانچ ممبران پر مشتمل ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم SIT تشکیل دی گئی ہے۔x

## Campaigning

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کی چناوٴ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ اِس مرحلے میں پہلی جون کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

بہار میں NDA، عظیم اتحاد اور دیگر پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر اپنے اپنے امیدواروں کیلئے حمایت حاصل کرنے کی غرض سے ایک کے بعد ایک، دورے کر رہے ہیں۔

BJP کے سرکردہ لیڈر اور مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو، پاٹلی پُتر پارلیمانی حلقے کے BJP امیدوار کی حمایت میں پٹنہ میں ایک عوامی جلسہ کر رہے ہیں۔ بہار کے وزیر اعلیٰ اور JDU کے لیڈر نتیش کمار، نالندہ پارلیمانی حلقے میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کر رہے ہیں۔

اِدھر کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی نے پٹنہ صاحب حلقے میں خسرو پور کے مقام پر ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ NDA سرکار، ہر سال دو کروڑ نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے میں ناکام ہوگئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کو اپنی سرکار کے رپورٹ کارڈ میں اِس بات کا جواب دینا چاہیے۔

اِدھر RJD کے لیڈر تیجسوی یادو نے جہان آباد پارلیمانی حلقے میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ انھوں نے الزام لگایا کہ BJP، ریزرویشن اور آئین کو ختم کرنا چاہتی ہے۔ x

## PM - Anantnag Rajouri

وزیر اعظم نریندر مودی نے لوک سبھا انتخابات میں ریکارڈ تعداد میں ووٹ ڈالنے کیلئے اننت ناگ-راجوری کے رائے دہندگان کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ چناوٴ عمل میں ووٹروں کی پُرجوش انداز سے شرکت، اُن کے جمہوری جذبے کی ایک متحرک مثال ہے۔

اننت ناگ-راجوری پارلیمانی حلقے میں 54 اعشاریہ آٹھ-چار فیصد پولنگ ریکارڈ کی گئی، جو پچھلے 35 سال میں سب سے زیادہ ہے۔ x

## J&K Cash Seized

جموں وکشمیر میں چناوٴ سے متعلق حکام نے اِس سال 16 مارچ سے مثالی ضابطۂ عمل نافذ ہونے کے بعد سے تقریباً 95 کروڑ روپے کی نقد رقم اور شراب جیسی مفت دی جانے والی اشیاء ضبط کی ہے۔ ہفتے کے روز اننت ناگ-راجوری لوک سبھا حلقے میں ووٹنگ کے ساتھ ہی جموں وکشمیر میں پولنگ مکمل ہوچکی ہے۔ انتخابی محکمے کے عہدیداران نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر کے تین حلقوں میں ووٹنگ کے فیصد نے گزشتہ دہائیوں کے ریکارڈس توڑے

ہیں، جبکہ کچھ امیدواروں نے مرکز کے زیرانتظام اِس علاقے میں روپے پیسے، شراب اور مفت میں دی جانے والی اشیاء کے ذریعے ووٹروں کو اثر انداز کرنے کی کوششیں کیں۔ چناؤ سے متعلق حکام کو cVIGIL ایپ کے ذریعے 143 شکایات موصول ہوئیں، جن میں سے 80 سے زیادہ کو حل کیا جاچکا ہے۔x

### Kejriwal SC

دلّی کے وزیر اعلیٰ اور عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینز اروند کجریوال نے سپریم کورٹ میں ایک درخواست دائر کی ہے، جس میں طبی جانچ کیلئے عبوری ضمانت میں 7 دن کی توسیع کیے جانے کی اپیل کی گئی ہے۔

عدالتِ عالیہ نے مبینہ ایکسائز پالیسی گھپلے کے کیس سے وابستہ منی لانڈرنگ معاملے میں جناب کجریوال کو پہلی جون تک عبوری ضمانت پر رہا کیے جانے کا حکم دیا تھا اور اُنھیں 2 جون کو خود سپردگی کرنے کی ہدایت دی تھی۔

عام آدمی پارٹی نے کہا ہے کہ مبینہ دلّی ایکسائز گھپلے میں گرفتار کیے جانے کے بعد سے جناب کجریوال کی صحت بگڑتی رہی ہے۔

اِدھر انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ نے گزشتہ ہفتے دلّی کی ایک عدالت میں ایک درخواست دائر کی تھی، جس میں سپریم کورٹ کی طرف سے دی گئی عبوری ضمانت کی مدت 2 جون کو ختم ہونے پر عام آدمی پارٹی کے سربراہ کی عدالتی تحویل میں 14 دن کی توسیع کیے جانے کی اپیل کی گئی ہے۔ x

### Nehru Tributes

وزیراعظم نریندر مودی نے آج سابق وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو کو اُن کے یومِ وفات پر خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے اُنہیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ کانگریس کے صدر ملکارجن کھڑگے، پارٹی کی سینئر رہنما سونیا گاندھی اور دیگر نے آج شانتی وَن میں پنڈت نہرو کی یادگار پر اُنہیں اُن کے 60ویں یومِ وفات پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب کھڑگے نے کہا کہ بھارت کی تاریخ پنڈت نہرو کے بے مثال تعاون کے بغیر ادھوری ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ جناب نہرو جدید بھارت کے معمار تھے، جنہوں نے بھارت کو سائنسی، اقتصادی، صنعتی اور مختلف شعبوں میں وسعت عطا کی اور وہ جمہوریت کے امین تھے۔x

### Pune Accident Case

پونے پولیس نے کلیانی نگر حادثے کے سلسلے میں Sassoon اسپتال کے دو ڈاکٹروں کو حراست میں لیا

ہے۔ گرفتار کئے گئے ڈاکٹروں کی شناخت ڈاکٹر اجے Taware اور ڈاکٹر شری ہری Harlor کے طور پر ہوئی ہے۔ ڈاکٹر Taware فورنسک محکمے کے چیف ہیں۔ اِن دونوں پر اُس نابالغ کے خون کے نمونے کی رپورٹ میں ہیرا پھیری کرنے کا الزام ہے، جو شراب کی نشے کی حالت میں اپنی غیر رجسٹرڈ شدہ گاڑی چلا رہا تھا اور اُس نے دو نوجوان انجینئروں کو ٹکر مار کر ہلاک کردیا تھا۔ اِس نابالغ کے خون کے نمونے جانچ کیلئے Sassoon اسپتال بھیجے گئے تھے اور پولیس نے ڈاکٹروں پر خون کے نمونے میں ہیراپھیری کرنے کا الزام لگایا ہے۔x

### Noida Hit & Run

نوئیڈا میں ایک تیز رفتار کار کی زد میں آنے سے آکاشوانی کے ایک ریٹائرڈ ملازم جنک دیو شاہ کی موت ہوگئی۔ وہ 64 سال کے تھے۔ معلوم ہوا ہے کہ وہ کل صبح اپنے گھر کے نزدیک مارکیٹ جا رہے تھے کہ تبھی ایک چوراہے پر سامنے سے آنے والی تیز رفتار کار کی زد میں آگئے۔ انھیں نزدیک کے پرائیویٹ اسپتال میں لے جایا گیا جہاں انھیں مردہ قرار دے دیا گیا۔

پولیس نے نامعلوم گاڑی کے ڈرائیور کے خلاف شکایت درج کرلی ہے اور اِس معاملے کی تحقیقات کر رہی ہے۔ آکاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل نے جنک دیو شاہ کی موت پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ x

### Trilater Summit

Seoul میں آج چین، جاپان اور جنوبی کوریا کے لیڈروں کی 9 ویں سہ فریقی سربراہ میٹنگ ہو رہی ہے۔ اِن ملکوں کے درمیان گزشتہ چار سال میں یہ پہلی سربراہ میٹنگ ہے۔

اِس میٹنگ سے ایک دن پہلے کل اِن رہنماؤں نے ایک دوسرے کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کی۔ جنوبی کوریا کے حکام کے مطابق امید ہے کہ یہ لیڈر، چھ شعبوں کے بارے میں ایک مشترکہ بیان جاری کریں گے، جس میں معیشت، تجارت، سائنس، ٹیکنالوجی، عوام سے عوام کے رابطے اور صحت شامل ہیں۔

اِدھر جاپان نے کہا ہے کہ شمالی کوریا نے یہ نوٹس دیا ہے کہ وہ ایک سیٹلائٹ خلا میں پہنچانے کیلئے ایک راکٹ چھوڑنے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔ x

### Delhi Fire LG & Delhi Govt.

دلّی پولیس نے بچوں کے ایک اسپتال میں آگ لگنے کے واقعے کے سلسلے میں ایک ڈائریکٹر اور ایک ڈاکٹر سمیت دو ملزموں کو گرفتار کیا ہے۔ شاہدرہ کے ڈسٹرکٹ پولیس کمشنر سریندر چودھری نے بتایا کہ ہفتے کو رات دیر گئے

ووِیک وہار علاقے میں بچوں کے ایک اسپتال میں آگ لگنے کے اس واقعے میں چھ نوزائیدہ بچوں کی موت ہوگئی تھی جبکہ کئی زخمی ہوئے۔

دلی کے لیفٹننٹ گورنر وی کے سکسینہ نے دلی کے چیف سکریٹری سے اِس المناک واقعے کی جانچ کرانے کے لیے کہا ہے۔

دلی سرکار نے بھی اِس واقعے کی مجسٹریٹ سے انکوائری کرائے جانے کا حکم دیا ہے۔ x

## India UN Yoga

اگلے مہینے یوگا کے بین الاقوامی دن سے قبل جینوا میں اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل مشن اور عالمی صحت تنظیم WHO نے کل 'Walk the Talk' یوگا پروگرام کا اہتمام کیا۔ مرکزی صحت سکریٹری Apurva چندر کے ساتھ ساتھ عالمی صحت تنظیم کے ڈائریکٹر جنرل

Adhanom Ghebreyesus بھی اِس میں شامل ہوئے۔ بھارتی وفد کے دیگر اعلیٰ عہدیداروں نے بھی یوگاسَن کے اِس پروگرام میں شرکت کی۔ x

## India Argentina Hockey

بلجیم کے Antwerp میں FIH ہاکی پرولیگ کے یوروپی مرحلے کے اپنے چوتھے مقابلے میں ہرمن پریت سنگھ کے تین گول کی بدولت بھارت نے ارجنٹینا کو چار کے مقابلے پانچ گول سے ہرادیا۔ بھارت کیلئے Araijeet سنگھ Hundal اور Gurjant سنگھ نے ایک-ایک گول کئے، جبکہ ہرمن پریت سنگھ نے تین گول کئے۔

بھارت کا اب اگلا مقابلہ پہلی جون کو جرمنی سے ہوگا۔x

## IPL Cricket

انڈین پریمیر لیگ IPL کے کَل کھیلے گئے فائنل میں کولکاتا نائٹ رائیڈرس نے یکطرفہ مقابلے میں سن رائزرس حیدرآباد کو آٹھ وکٹ سے ہرا کر تیسری مرتبہ خطاب جیت لیا۔ ٹاس ہارنے کے بعد کولکاتا نائٹ رائیڈرس نے شاندار گیند بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سن رائزرس حیدرآباد کو محض 113 رن پر آل آؤٹ کردیا، جو IPL کے خطابی مقابلے میں اب تک کا سب سے کم اسکور ہے۔ کولکاتا نائٹ رائیڈرس نے 114 رن کا جیت کا نشانہ دو وکٹ کھو کر آسانی سے حاصل کرلیا، جبکہ میچ کی 57 گیندیں باقی تھیں۔ KKR کیلئے وینکٹیش ایئر نے سب سے زیادہ 52 رن بنائے اور ناٹ آؤٹ رہے۔ رحمٰن اللہ گرباز نے 39 رن اسکور کئے۔

اِس سے قبل حیدرآباد کی ٹیم 18 اوورس اور تین گیندوں میں 113 رن پر آل آؤٹ ہوگئی تھی۔ Mitchell Starc کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔×

## Dipa Karmakar Gold

ازبکستان کے شہر تاشقند میں ایشیائی جمناسٹک چمپئن شپ میں Dipa Karmakar نے بھارت کیلئے پہلی بار سونے کا تمغہ جیت کر تاریخ رقم کی ہے۔ 30 سالہ دیپا نے خواتین کے Pole-Vault مقابلے کے فائنل میں 13 اعشاریہ پانچ، چھ-چھ کا اسکور کیا۔ پہلی بار کسی بھارتی جمناسٹ نے ایشیائی چمپئن شپ کے کسی مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆